انجمن ترقی اردو (حیدرآباد)

کے

قواعد

منظورۂ

انجمن ترقی اردو (حیدرآباد دکن)

سنہ ۱۳۴۸ف م ۱۹۳۹ء

قواعد

۱- **نام**- اس انجمن کا نام "انجمن ترقی اردو" (حیدرآباد) ہوگا۔

۲- **مرکز**- اس انجمن کا مرکز بلدہ حیدرآباد ہوگا۔

۳- **مقصد**- اس انجمن کا مقصد ممالک محروسہ سرکار عالی میں اردو زبان کی حفاظت، ترقی اور اشاعت ہوگا اور اس مقصد کے لئے یہ انجمن، صدر انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی سے ملحق رہے گی۔

۴- **ذریعے**- اِس مقصد کے لئے انجمن سردست حسب ذیل ذریعے اختیار کریگی۔

(ا) بلدہ حیدرآباد میں اردو زبان کے مرکزی کتب خانہ کا قیام۔ نیز مطالعہ گھروں کا قیام۔

(ب) اضلاع میں انجمن کی شاخوں، کتب خانوں اور

مطالعہ گھروں کا قیام۔

(ج) اردو زبان میں عام فہم اور مفید کتابوں کی تصنیف، تالیف اور ترجمہ کا انتظام۔

(د) اَن پڑھوں کی اور اُردو نہ جاننے والوں کی اردو تعلیم کا انتظام۔

(ہ) اخباروں، رسالوں اور عام جلسوں کے ذریعہ انجمن کا پرچار۔

۵۔ رکنیت۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کا ہر باشندہ جسے اُردو زبان سے دلچسپی ہے اس انجمن کا رکن ہو سکتا ہے۔

۶۔ چندہ رکنیت۔ (ا) جو حضرات انجمن کو (صما) روپیہ یکمشت عطا فرمائیں وہ "انجمن کے سرپرست" کہلائیں گے۔

(ب) جو حضرات ۱۸ صہ روپیہ یکمشت عطا فرمائیں وہ انجمن کے "مربی" کہلائیں گے۔

(ج) ۱۸ روپیہ یکمشت دینے والے حضرات انجمن کے دائمی رکن ہونگے

(د) ہر رکن کے لئے سالانہ تین روپیہ سکہ عثمانیہ چندہ ادا کرنا ہوگا۔ اس رکن کو صدر انجمن کا اخبار "ہماری زبان" مفت دیا جائے گا۔

(ھ) مجلس عاملہ کے ہر رکن کو معمولی چندہ رکنیت کے علاوہ سالانہ ۱۲؎ روپیہ سکہ عثمانیہ ادا کرنا ہوگا۔ جس کے معاوضہ میں اسے ۱۲؎ روپیہ کلدار کی کتابیں ہر سال ملیں گی۔ یہ ارکان صدر انجمن کے "خریدار رکن" کہلائیں گے۔

نوٹ :۔ سرپرست اور مربی انجمن کے دامی رکن ہوں گے۔

۷۔ **عہدہ دار**۔ اس انجمن کے عہدہ دار حسب ذیل ہوں گے :۔

(ا) صدر (ب) نائب صدر (ج) معتمد (د) تین شریک معتمد (ھ) مجلس عاملہ جو مذکورہ عہدہ داروں کے علاوہ کم از کم (۲۱) اور زیادہ سے زیادہ (۵۰) ارکان پر مشتمل ہوگی۔

۸۔ **عہدہ داروں کا انتخاب** ۔ صدر، نائب صدر، معتمد اور شرکائے معتمد کا انتخاب مجلس عاملہ کی طرف سے تین سال کے لئے ماہ آبان کے دوسرے ہفتہ میں ہوا کرے گا۔

۹۔ مجلس عاملہ کا کوئی رکن نہ تو کسی انتخاب میں رائے دسکیگا اور نہ کسی عہدہ پر منتخب ہو سکے گا تاوقتیکہ وہ اپنے ذمہ کے جملہ مطالبے ادا نہ کر چکا ہو۔

۱۰۔ کسی عہدے کے خالی ہونے کی صورت میں مجلس عاملہ کسی رکن مجلس عاملہ کو اس عہدہ کے لئے منتخب کر سکے گی۔

عہدہ داروں کے فرائض و اختیارات

۱۰۔ صدر۔ (و) صدر اور اس کی غیر موجودگی میں نائب صدر، مجلس عاملہ کی صدارت کرے گا۔

(ب) صدر اور اس کی غیر موجودگی میں نائب صدر انجمن کے جملہ کاروبار میں معتمد اور شرکا، معتمد کی رہبری کریگا۔

۱۱۔ معتمد (ا) معتمد انجمن کے جملہ کاروبار اور انتظام دفتر کا نگراں ہوگا۔ فوری ضرورت کے وقت صدر یا اس کی عدم موجودگی میں نائب صدر کے مشورہ سے عمل کر کے مجلس عاملہ کو اطلاع کریگا۔

(ب) معتمد وقت واحد میں بامید منظوری مجلس عاملہ ۵۰ روپیہ تک خرچ کر سکے گا لیکن اس طرح کی صرف شدہ رقم سال بھر میں ۳۰۰ روپیوں سے زیادہ نہ ہوگی۔

(ج) وہ اپنی صوابدید پر یا مجلس عاملہ کے کم سے کم تین ارکان کی تحریک پر مجلس عاملہ کا جلسہ طلب کرے گا۔

(د) وہ مجلس عاملہ کے جلسوں کی اطلاع جملہ ارکان مجلس کو مع پیش نامہ کرے گا۔

(ھ) وہ مجلس عاملہ کے تمام جلسوں کی روئداد تیار کرے گا

اور اسے آئندہ جلسہ میں پڑھ کر سُنائے گا۔

(د) انجمن کے تمام حساب و کتاب اور رقموں کی حفاظت کا ذمہ دار ہوگا۔

۱۳- شریک معتمد۔ (ا) معتمد کے فرائض کی انجام دہی میں اس کی مدد کریں گے۔

(ب) وہ تمام فرائض انجام دیں گے جو مجلس عاملہ یا معتمد ان کے سپرد کرے۔

۱۴- مجلس عاملہ۔ (ا) انجمن کے مقصد کی تکمیل کے لئے نظام العمل تیار کرے گی اور اس کے متعلق نئی تجویزوں پر سوچ بچار کرے گی۔

(ب) سالانہ موازنہ مرتب کرے گی۔

(ج) انجمن کا کوئی عہدہ یا مجلس عاملہ کی رکنیت خالی ہو جائے تو اس عہدہ پر کسی رُکن انجمن کو نامزد کرے گی۔

(د) ایسے ذیلی قواعد بنانے کی مجاز ہوگی جو ان قواعد کے منافی نہ ہوں۔

(ہ) مجلس عاملہ کا نصاب مجلس عاملہ کی تعداد کا ۱/۴ ہوگا۔ نصاب پورا نہ ہونے کی صورت میں اگر جلسہ ملتوی کیا جائے تو ملتوی شدہ جلسہ کا انعقاد نصاب کی قید کے بغیر ہوگا۔

اکبر یار جنگ

صدر انجمن ترقی اُردو (حیدر آباد)

ناشر

معتمد : انجمن ترقی اردو (حیدرآباد)

گل دکن "بنجارا روڈ جوبلی ہل حیدرآباد دکن

مطبوعہ

عہد آفریں برقی پریس معظم جاہی مارکٹ

حیدرآباد دکن